ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اجلاس۔

کراچی13جون 2022:-

آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی ذیر صدارت اجلاس کے دوران سندھ کے تمام اضلاع میں آنیوالے دنوں میں مرحلہ وار بنیادوں پر منعقدہ بلدیاتی انتخابات کے موقع پر سکیورٹی کے مجموعی اقدامات کا مختلف حوالوں سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مذید ضروری ہدایات دیں۔

اجلاس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ محمدزبیردریشک کے علاوہ اسٹیبلشمنٹ، ویلفیئر،ایڈمن،آپریشنفائنانس،لاجسٹکس سندھ کے اے آئی جیز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ سندھ کے تمام اضلاع میں قائم یونین کونسلز اور پولنگ اسٹیشنز کی تفصیلات کو باقاعدہ کرائم انالیسز کی بنیاد پر انتہائی حساس، حساس اور نارمل درجہ بندیوں میں از سر نو ترتیب دیکر سیکیورٹی کا غیر معمولی منصوبہ تیار کرکے برائے ملاحظہ و مذید ضروری اقدامات جلد سے جلد ارسال کیا جائے۔تاکہ بلدیاتی انتخابات کے موقع پر شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کو ہر سطح پر یقینی بنایا جاسکے۔

انہوں نے ہدایات دیں بلدیاتی انتخابات کے پلان کے حوالے سے پاکستان رینجرز سندھ اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں مستقل روابط اور جملہ تجاویز و مشاورتی عمل میں انکی شمولیت کو بھی یقینی بنایا جائے۔

ان کا کہنا تھا کہ بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیئے تیارکردہ سیکیورٹی پلان کو دیگر تمام مراحل کے لیئے بھی منظم اور مربوط روابط کے تحت قابل عمل بنایا جائے تاکہ سیکیورٹی کے جملہ اقدامات کو مذید سخت اور فول پروف بنایا جاسکے۔

آئی جی سندھ نے مذید کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے دوران الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے امیدواران اور رائےدہندگان کے لیئے جاری کردہ ضابطہ اخلاق اور وضع کردہ اصولوں کی پاسداری اور احترام کے لیئے جملہ امور واقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے ہدایات دیں کہ بلدیاتی انتخابات کے موقع پر عائد کردہ دفعہ 144 پر عمل درآمد کے ضمن پولیس ہر گز اس امر کی مجاز نہ ہوگی کہ وہ کسی رورعایت یا جانبداری سے کام لے۔پولیس کا کام عوام کے جان ومال کے تحفظ کو نا صرف ہر سطح پر یقینی بنانا بلکہ دی گئی حکمت عملی اور اقدامات پر عمل درآمد بھی کرانا ہے۔

اجلاس میں اسٹیبلشمنٹ، ویلفیئر،ایڈمن،آپریشن ، فائنانس،لاجسٹکس سندھ کے اے آئی جیز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛